زبان میری ہے بات اُن کی

❋ سوشلزم ختم ہوا ہے نہ ہوگا۔ (ظہیر کاشمیری)

❋ پاگل عورت مرے ہوئے بچے کو سینے سے لگائے ہوئے ہے۔

❋ اگلے جہاں سے مجھ کو یہی اختلاف ہے
یہ صورتیں یہ گیت صدائیں کہاں وہاں (حبیب جالب بنام نورجہاں)

❋ اس جہاں میں مجھے تم سے اختلاف ہے
تیری پسند وہ ہے جو بوجہل کو پسند

❋ بلاول کی سالگرہ پر مولانا سمیع الحق سنیٹر کی طرف سے بے نظیر کو کیک کا تحفہ۔ (ایک خبر)

❋ مولانا فضل الرحمن نے بے نظیر کو شہد کی بوتل دی اور مولانا سمیع الحق نے بلاول کی سالگرہ پر کیک دیا۔
چہ کند بے نوا ہمیں دارد

❋ باپ پڑوسی کے گھر وی سی آر دیکھتا رہا اوباش نوجوان نے بیٹی کی عزت لوٹ لی۔ (ایک خبر)

❋ مخلوط معاشرت اور ڈش انٹینا کا نقد نتیجہ

❋ میں مرتضےٰ بھٹو کو پاکستان نہیں آنے دوں گی وہ میرے خاوند کی اکلوتی نشانی ہے۔ (نصرت بھٹو)

❋ آپ بھی بیٹے کے پاس رہیں دوسری نشانی آپ ہیں یہ پاکستان پر آپ کی مہربانی ہوگی۔

❋ کمالیہ میں فحاشی کے اڈے پر چھاپہ سرکاری افسروں سمیت کئی مرد اور عورتیں فرار ہوگئے۔ (ایک خبر)

❋ جیسے شیر کو دیکھ کر گدھے بھاگتے ہیں۔

❋ خاوند چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے بیوی پر زنا کا الزام لگادیتا ہے۔ (فرزند اقبال) جاوید اقبال

❋ کیا اعجاز نے نورجہاں پر، نعیم بخاری نے طاہرہ سید پر اور سرفراز نواز نے رانی پر یہی الزام لگایا تھا؟

❋ بھارتی خواتین لڑاکا طیارے اڑائیں گی (ایک خبر)

❋ پاکستانی پائلٹوں کے لئے خوشخبری!

❋ ہم خاص تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور خاص تجھ ہی سے مدد طلب کرتے ہیں۔ (ایک نمازی)

❋ اور نماز سے فارغ ہوتے ہی کہتے ہیں "یارسول اللہ مدد، یا علی مدد، یا پیر دستگیر، امداد کن۔ امداد کن یا غوث الاعظم" یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ دونوں میں سے ایک جگہ ضرور جھوٹ بولا گیا ہے۔

❋ بے نظیر کے حکم پر فہمیدہ ریاض کو نوکری دی گئی۔ (شجاعت حسین)

❋ ایک عجوزہ ہے دوسری ہے خرمست سانڈنی
بادۂ گلرنگ میں دو صبا رفتار ہیں!

❋ خالص ترقی پسند آٹھ کنال سے کم کوٹھی میں رہنا پسند نہیں کرتے (خالد احمد)

❋ بالکل صحیح ایک ترقی ساری عمر ۳۲ لاکھ کی مرسیڈیز میں بیٹھ کر مزدوروں کے حقوق کی بات کرتا ہے۔

❋ خوف کے پہرے دور کئے جائیں میں تین دن سے کوئی گانا نہیں گا سکی۔ (نورجہاں)

❋ کفر جہاں ہے نور کی حرکت پہ خندہ زن

❋ تین بار سے زیادہ رخصت برائے زچگی لینے والی خواتین اساتذہ کی ترقی روک لینے کا حکم (محکمہ تعلیم پنجاب)

❋ جمہوریت نے انسان کو انسان کا خالق بنادیا ہے جو کہہ رہا ہے تو بچے کم پیدا کر!

❋ مولوی مینر نیازی بے نظیر سے ملتے ہیں غلام اسحاق سے ایوارڈ لیتے ہیں (حبیب جالب)

❋ آپ بھی "لاڑکانے چلو۔ ورنہ تھانے چلو" لکھتے ہیں اور جس کے خلاف لکھتے ہیں اسی کی بیٹی سے بھتہ لیتے ہیں۔

❋ غلام مصطفی کھر سوروں کا شکار کھیلنے چلے گئے۔ (ایک خبر)

❋ ابلیس را ابلیس می شناسد!

❋ شناختی کارڈ میں مذہب کا خانہ رکھنے کے خلاف شاہراہ قائد اعظم پر خواتین کا مظاہرہ۔ (ایک خبر)

❋ ان خواتین کا کوئی مذہب نہیں ہوگا۔

❋ چیئرمین واپڈا کے لئے ساڑھے بارہ ہزار روپے کا پین اور پانچ سو روپے کی سیاہی دوات خریدی گئی (ایک خبر)

❋ اس رقم سے دو متاثرین سیلاب خاندانوں کو سہارا مل سکتا ہے شرم تم کو مگر نہیں آتی۔۔۔۔

❋ سود پر پابندی ممکن نظر نہیں آتی ایسا ہوا تو پاکستان دنیا سے کٹ جائیگا۔ (پاکستانی سرمایہ کاری کے ماہرین)

❋ سود جاری رہا تو پاکستان خدا سے کٹ جائیگا۔

❋ خواتین نشستوں کے بغیر قومی اسمبلی نامکمل ہے۔ (اجمل خٹک)

❋ آپ کے بغیر تو قومی اسمبلی مکمل ہے؟۔

❋ ڈاکٹر جاوید اقبال کو سب سے بڑی تکلیف یہ ہے کہ ملا شراب اور ریس کے خلاف کیوں بولتا ہے۔ (حافظ ادریس)

❋ آخر وہ اپنے اندر جانے والی ام الخبائث کے اثرات کو اور کس طرح ٹھنڈا کرے؟